**Rizwan Ullah**
D-178, Abul Fazl Enclave-I
Jamia Nagar, New Delhi - 110025
Tel: +91-9971283786, 9891832189
Email:ruilmi@rediffmail.com
Web: www.Rizwanullah.com

---

# غزل

رضوان اللہ

وہ جو کارواں سے بچھڑ گیا اسے کارواں کی تلاش ہے
کہیں راستے کی تلاش ہے کہیں ہمرہاں کی تلاش ہے

کوئی ایسی بادِ سموم تھی جو چراغ گل کے بجھا گئی
وہ جو گل کی شاخ ہری کرے اسی باغباں کی تلاش ہے

وہ حریفِ تابِ سحرگہی جو دعا کو بارِ شرف بھی دے
جو فروغِ شب کا سبب بھی ہو اسی کہکشاں کی تلاش ہے

اگیں مہر و ماہ نئے کوئی کوئی جانفزا سی ہوا چلے
یہ زمین تنگ بجاں ہوئی نئے آسماں کی تلاش ہے

مرے درد کو جو سمجھ سکے کوئی ایسا سوختہ جاں بھی ہو
وہ جو خوابِ خوش کی نظیر ہو مجھے اس جہاں کی تلاش ہے

کسی لب پہ حرفِ وفا نہیں کہیں حرفِ مہر سنا نہیں
جو گلے سے آکے گلے لگے اسی مہرباں کی تلاش ہے

# غزل

رضوان اللہ

آنکھوں آنکھوں میں رات کٹتی ہے
صبح تو آنسوؤں سے ڈھلتی ہے

جا پہنچتی ہے دردِ پنہاں تک
بات کوئی کہیں سے چلتی ہے

تارے پلکوں پہ جھلملاتے ہیں
کہکشاں گود ہی میں پلتی ہے

دھڑکنیں بجلیوں کا کڑکا ہیں
آہ سینے میں یا مچلتی ہے

اپنی دیوانگی کو کیا کہیے
کوئی صورت ہو اس کی لگتی ہے

طاقِ دل میں ہو جیسے گلدستہ
روح کو تازگی اسی سے ملتی ہے

غم کا دریا ہے بیکراں رضوآں
ناؤ کاغذ کی اس میں چلتی ہے